# Govt. College of Technology

Paris Road, Sialkot. Phone: 052-9250199-9250200

E-mail: gctslk@yahoo.com

TEVTA

GOVERNMENT OF PUNJAB


## CORRIGENDUM

Reference to the Tender Notice Titled "AUCTION OF COLLEGE BOOK SHOP AND TAKE AWAY CANTEEN" having Unique code number 252672S06072026104 published on 06th July 2026 to be opened on 23rd July 2026 on PPRA, the following amendment is hereby made:

**"The Tender Title may be read as Auction of College Canteen instead of Auction of College Book Shop and Take Away Canteen."**

Other terms and conditions and opening time will remain the same.

Principal
Govt. College of Technology,
Sialkot

گورنمنٹ آف دی پنجاب

ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی

# گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، پیرس روڈ سیالکوٹ

# اشتہار برائے نیلامی ٹھیکہ کالج کینٹین

برخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی سیالکوٹ اپنی کالج کینٹین کا ٹھیکہ برائے سال 2026-27 بذریعہ نیلام عام (open auction) کروانا چاہتا ہے جس کے لئے باقاعدہ نیلامی مندرجہ ذیل شیڈول کے تحت ادارہ ہذا کے کانفرنس روم میں منعقد ہو رہی ہے۔ خواہشمند حضرات موقع سے فائدہ اٹھائیں۔

| نمبر شمار | کیفیت/تفصیل | تعداد | نیلامی سے قبل CDR کی صورت میں سکیورٹی (قابل واپسی) | بولی کی تاریخ | مقررہ تاریخ کو بولی کی ناکامی کی صورت میں اگلی تاریخ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کینٹین | 1عدد | 30,000/-روپے | 23-07-2026<br>بوقت 11:00 بجے دن | 30-07-2026<br>بوقت 11:00 بجے دن |

- ☆ شرائط نیلامی برائے کالج کینٹین دفتری اوقات کار میں مورخہ 23-07-2026 بوقت صبح 10:00 بجے تک ادارہ ہذا کے مین سٹور سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔
- ☆ نیلامی میں حصہ لینے والے بولی دہندہ کا ذاتی NTN نمبر ہونا لازمی ہے۔
- ☆ نیلامی میں حصہ لینے کیلئے بولی دہندہ کو کالم نمبر 4 میں دی گئی رقم بطور زر ضمانت ہمراہ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی قبل از نیلامی جمع کروانا ہوگی۔ مزید برآں زر ضمانت نقد رقم کی صورت میں قابلِ قبول نہ ہوگی۔
- ☆ زر ضمانت CDR کی صورت میں بنام پرنسپل گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی سیالکوٹ جمع کروانا ہوگی۔
- ☆ اس اشتہار کو PPRA اور TEVTA کی ویب سائٹس پر بھی دیکھا جاسکتا ہے۔

المشتہر: پرنسپل

گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، پیرس روڈ سیالکوٹ

فون نمبر 052-9250199

CamScanner

# شرائط نیلامی کالج کینٹین

۱۔ جی سی ٹی کالج کی کینٹین کا سالانہ ٹھیکہ بذریعہ نیلام عام (open auction) ہوگا۔

۲۔ کالج کینٹین کا ٹھیکہ ایک سال، یکم جولائی 2026ء سے 30 جون 2027ء کے لئے ہوگا۔ جس میں تسلی بخش کارکردگی کی بنیاد پر مزید توسیع صرف ایک مرتبہ 10% موجودہ ٹھیکہ کی رقم اضافہ ہو سکتی ہے۔

۳۔ دلچسپی رکھنے والے تجربہ کار افراد/افرمیں دی گئی شرائط پر اوپن بولی میں (مقررہ تاریخ اور وقت پر) حصہ لے سکتے ہیں۔

۴۔ نیلامی میں حصہ لینے کے لئے بولی دہندہ کو valid شناختی کارڈ کی کاپی اور مبلغ تیس ہزار روپے (Rs.30,000/-) کی "CDR" بنام پرنسپل جی سی ٹی سیالکوٹ قبل از نیلامی جمع کروانا ہوگی۔ مزید برآں زرضمانت نقد رقم کی صورت میں قابل قبول نہ ہوگی۔

۵۔ کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کی رقم دو اقساط میں جمع کروانا ہوگی۔ پہلی قسط ٹھیکہ ملنے کے ایک ہفتے کے اندر جمع کروانا ہوگی۔ جبکہ دوسری قسط 31 دسمبر 2026 تک جمع کروانا ہوگی۔ پہلی قسط ٹھیکہ ملنے کے ایک ہفتے کے اندر اندر جمع نہ کروانے کی صورت میں ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا اور زرضمانت واپس نہیں کیا جائے گا اور ٹھیکہ کی پیشکش دوسرے نمبر والے بولی دہندہ کو کی جائے گی۔

۶۔ دوسری قسط مقررہ تاریخ تک جمع نہ کرانے کی صورت میں مقررہ تاریخ 31-12-2026 کے پندرہ دن بعد ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

۷۔ بولی/ٹھیکہ کی کم از کم سالانہ رقم -/220000 روپے مقرر کی گئی ہے۔

۸۔ کینٹین کا انتظام مقررہ جگہ پر ہی کیا جائے گا۔ تاہم پرنسپل صاحب کسی بھی انتظامی وجہ سے کینٹین کی جگہ تبدیل کر سکتے ہیں۔

۹۔ کینٹین کا ٹھیکیدار کینٹین کے اندر اور ارد گرد صفائی کا خود ذمہ دار ہوگا۔

۱۰۔ ٹھیکیدار کینٹین میں طلباء اور کالج سٹاف کے بیٹھنے کا مناسب بندوبست کرے گا۔ کسی بھی طالب علم یا سٹاف ممبر کو کینٹین میں فضول بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

۱۱۔ بجلی کا بل ٹھیکے کی رقم میں شامل نہیں ہے۔ یہ الگ سے سب میٹر کی ریڈنگ اور ادارہ کے بل کے مطابق وصول کیا جائے گا۔ مزید یہ کہ بجلی کو بطور ایندھن استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

۱۲۔ کینٹین پر سگریٹ، نشہ آور اشیاء یا ادارہ کی طرف سے ممنوعہ اشیاء رکھنے کی اجازت نہ ہوگی۔

۱۳۔ کالج کینٹین پر صرف صاف ستھری اور تازہ اشیاء ہی مہیا کی جائیں گی۔

۱۴۔ ٹھیکیدار کو کینٹین پر تعینات سٹاف کا میڈیکل چیک اپ کروا کر میڈیکل رپورٹ اور پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ کینٹین کمیٹی کو 20 دن کے اندر جمع کروانا ہوگا۔

۱۵۔ یہ کہ کنٹریکٹر کینٹین contract ایوارڈ ہونے کے بعد مہیا کردہ پروفارما پر اپنے اور نامزد کینٹین کے سٹاف کے کوائف فراہم کرنے کا پابند ہوگا، بصورت دیگر کسی بھی دوسرے شخص کو کینٹین پر کام کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔ مزید یہ کہ کنٹریکٹر اور اس کا سٹاف کینٹین میں رہائش اختیار نہ کرے گا۔

۱۶۔ کینٹین ٹھیکیدار کو کھانے والی اشیاء مارکیٹ ریٹ سے زیادہ قیمت پر فروخت کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔ اور کینٹین پر مہیا کی جانے والی اشیاء کی قیمتوں کی فہرست، کینٹین کمیٹی سے منظور کروا کر کینٹین میں واضح جگہ پر آویزاں کرے گا۔

۱۷۔ کینٹین میں A-class فوٹو کاپی مشین لازمی رکھنا ہوگی (فوٹو کاپی 70 گرام کے پیپر پر کی جائے گی اور اس کا ریٹ مارکیٹ کے مطابق ہوگا)

۱۸۔ کنٹریکٹر کالج پر کسی بھی آئٹمز پر لکھی ہوئی قیمت کو کاٹ کر یا پھر نئی قیمت درج کر کے یا مہر سٹیکر لگا کر فروخت نہیں کرے گا۔

۱۹۔ پرنسپل ادارہ اور کینٹین کمیٹی کسی بھی وقت کینٹین پر فراہم کی جانے والی اشیاء کا معیار چیک کر سکتے ہیں اور غیر معیاری اشیاء اور زائد قیمت وصول کرنے کی صورت میں موقع پر جرمانہ عائد ہوگا۔

۲۰۔ کینٹین کی عمارت میں کانٹریکٹر کسی قسم کا ردوبدل نہیں کر سکتا۔

۲۱۔ ٹھیکیدار سٹاف اور طلباء سے لین دین کا خود ذمہ دار ہوگا۔

۲۲۔ کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کی وجہ سے ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا۔

۲۳۔ کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ کو ختم کرنے کے لئے کالج انتظامیہ کی طرف سے ایک ماہ کا پیشگی نوٹس جاری کرنا ہوگا۔

۲۴۔ مجاز اتھارٹی کو بولی کی منظوری سے قبل اسے مسترد یا منسوخ کرنے کا حق ہے۔ جسے کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکے گا۔ تاہم ٹھیکیدار کی تحریری درخواست پر وجہ بتائی جا سکتی ہے۔ لیکن انتظامیہ اسے justify کرنے کی پابند نہیں ہوگی۔

۲۵۔ کامیاب بولی دہندہ کو اشٹام پیپر پر حلفیہ بیان دینا ہوگا کہ وہ TEVTA اور PPRA کا نادہندہ نہیں ہے اور شرائط نیلامی کا پابند رہے گا۔ حقائق چھپانے کی صورت میں پتہ چلنے پر ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا اور ادا شدہ رقم بمعہ سکیورٹی ضبط کر لی جائے گی۔ غلط کاغذات/معلومات دینے کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔ انتظامیہ کی طرف سے کوئی شرط دوران ٹھیکہ عائد کی گئی تو ٹھیکیدار اس پر عمل کرنے کا پابند ہوگا۔

۲۶۔ ٹھیکیدار کالج کینٹین پر فروخت ہونے والی تمام اشیاء کی کمیٹی سے منظور شدہ ریٹ لسٹ آویزاں کرنے کا پابند ہوگا۔

۲۷۔ انکم ٹیکس گورنمنٹ کے مجوزہ قوانین کے تحت الگ سے ادا کرنا ہوگا۔

۲۸۔ گورنمنٹ آف پنجاب کی ہدایات کے مطابق کینٹین پر ممنوعہ کھانے پینے کی اشیاء رکھنے کی اجازت نہ ہوگی۔

۲۹۔ کینٹین کو sublet کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔

۳۰۔ نیلامی میں حصہ لینے والے بولی دہندہ کا ذاتی NTN نمبر ہونا لازمی ہے۔

**پرنسپل**

گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، پیرس روڈ، سیالکوٹ

052-9250199-200

نام ........ ولدیت ........ شناختی کارڈ نمبر ........ رابطہ نمبر ........ دستخط

CamScanner